# 30-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر ہندوستانی افواج کی حصولیابیوں کی اہمیت کم کرنے کا الزام لگایا۔

۲۔ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی کا کہنا ہے کہ اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت اب تک 2 لاکھ 10 ہزار استفادہ کنندگان کا انتخاب کیا گیا ہے۔

۳۔بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں ممنوعہ ماؤسٹ تنظیم کے 17 ارکان نے آج پولیس کے سامنے خودسپردگی کی۔

اور

۴۔جنوبی مغربی مانسون کے زیراثر ریاست بھر میں آئندہ تین دنوں تک بارش ہوسکتی ہے۔

KAVITHA:

بی آر ایس ایم ایل سی کویتا کا کہنا ہے کہ دہلی شراب گھوٹالہ کیس میں وہ بے قصور ہیں۔منچریال دورے کے دوران کویتا نے مختلف نجی تقریبات میں شرکت کی۔انہوں نے تلنگانہ تلی کے مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ اس موقع پر کویتا نے الزام لگایا کہ بی جے پی آپریشن کگار کے نام پر انتقامی کاروائی کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس اور بی جے پی، دونوں ترقی کے نصب العین اور سماج کے اقدار کے مغائر ہے۔کویتا نے زور دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ بی جے پی کے ساتھ کسی بھی طرح کے اتحاد کی مخالفت کی ہے۔

MP:

محبوب آباد کے رکن پارلیمنٹ بلرام نائک کا کہنا ہے کہ وہ محبوب آباد کے ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم نمبر تین اور چار کی جلد تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے کام کریں گے۔انہوں نے اسٹیشن پر تیسرے ریلوے لائن کے کاموں کا معائنہ کیا۔بلرام نائک نے کہا کہ کاموں میں سست روی کی وجہ سے مسافرین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ رکن پارلیمنٹ نے کہا کہ وہ ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر کے علم میں یہ مسئلہ لائیں گے اور کاموں کی جلد تکمیل پر زور دیں گے۔

IB Secy-CII:

وزارت اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو کا کہنا ہے کہ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف کریٹیو ٹکنالوجیز کا عبوری کیمپس آئندہ مہینے ممبئی میں کھولا جائے گا جبکہ آئندہ برسوں میں مکمل طور پر انسٹی ٹیوٹ قائم کیا جائے گا۔ نئی دہلی میں سی آئی آئی بزنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی سکریٹری نے کہا کہ اس انسٹی ٹیوٹ کے ذریعے نوجوان تخلیق کاروں کو ٹکنالوجی تک رسائی فراہم کی جائے گی۔ ممبئی میں حالیہ مہینے منعقدہ پہلے آڈیو ویڈیو اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ کا تذکرہ کرتے ہوئے سنجے جاجو نے کہا کہ اس دوران دنیا بھر میں کافی جوش وخروش دیکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ویوز بازار کے تحت 1300 کروڑ سے زیادہ کے تجارتی معاہدے اور مالی لین دین ہوئے ہیں۔

SC - NEET PG

سپریم کورٹ نے آج ہدایت دی کہ 15 جون کو منعقد ہونے والے نیٹ پی جی 2025ء امتحان کو دو شفٹوں کے بجائے ایک شفٹ میں ہی منعقد کیا جائے۔ جسٹس وکرم ناتھ کی صدارت والی بنچ نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ ایک شفٹ میں امتحان منعقد کرنے کے انتظامات کریں اور پورے عمل کے دوران مکمل شفافیت کو یقینی بنائے۔

GUIDELINES

مرکزی حکومت نے ای۔کامرس پلیٹ فارمس پر واکی ٹاکی سمیت ریڈیو کے آلات کی فروخت وغیر قانونی لسٹنگ کے تدارک کیلئے گائیڈ لائنس جاری کی ہے۔ وائرلیز ڈیوائسس کی غیر قانونی فروخت کو روکنے کے لئے یہ گائیڈ لائنس جاری کی گئی ہیں تاکہ صارفین کی سلامتی کو یقینی بنایا جائے۔ انہیں گمراہ ہونے سے بچایا جائے اور اہم مواصلاتی نٹ ورکس میں مداخلت کو روکا جائے جو کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اور ایمرجنسی خدمات کے دوران استعمال کی جاتی ہیں۔ مرکزی حکومت نے مناسب فریکونسی کی جانکاری، لائسنس کی معلومات اور آلات کی منظوری، ای ٹی اے سمیت دیگر امور کا حوالہ دیتے ہوئے ای۔کامرس پلیٹ فارمس پر واکی ٹاکی سمیت 16 ہزار 970 مصنوعات کے خلاف 13 نوٹسیں جاری کی ہیں۔

SCHEME - BYTE

آصف آباد ضلع کے ڈسٹرکٹ ویلفیر آفیسر اے بھاسکر نے بتایا کہ ضلع کے 973 آنگن واڑی مراکز پر 14 سے 18 سال کی عمر کی 18230 لڑکیوں کو اندراماں امروتم اسکیم کے تحت تغذیہ بخش غذا فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے آل انڈیا ریڈیو کو بتایا کہ اندراماں امروتم اسکیم کے تجرباتی نفاذ کیلئے آصف آباد ضلع کا انتخاب کیا گیا ہے۔

SOUND BYTE

SURRENDER

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں ممنوعہ ماؤسٹ تنظیم کے 17 ارکان نے آج پولیس کے سامنے خودسپردگی کی۔ایس پی روہیت راج نے فوری امداد کے طور پر خودسپردگی کرنے والے ہر ماؤسٹ کو 25 ہزار روپے کے چیک حوالے کئے۔اِس موقع پر ایس پی نے بتایا کہ آپریشن چیوتا کے تحت ایجنسی علاقوں میں کئی ترقیاتی کام انجام دئے جارہے ہیں۔انہوں نے ماؤنوازوں سے کہا کہ وہ رضا کارانہ طور پر خودسپردگی کریں۔ایس پی نے یقین دلایا کہ حکومت اور پولیس نہ صرف انہیں مالی امداد فراہم کرے گی بلکہ ان کی بازآبادکاری کے بھی اقدامات کرے گی۔

SOUND BYTE

ANGANWADI

تلنگانہ حکومت نے ریاست بھر میں آنگن واڑی اساتذہ اور ہلپرس کیلئے بڑے پیمانے پر ریٹائرمنٹ فائدوں کا اعلان کیا۔محکمہ بہبودی خواتین و اطفال کی تجویز کو محکمہ خزانہ نے منظوری دے دی ہے اور بہت جلد حکومت اس تعلق سے احکامات جاری کرے گی۔ نظرثانی شدہ فوائد کے تحت ریٹائرڈ ہونے والے آنگن واڑی ٹیچروں کو دو لاکھ روپے اور ہلپرس کو ایک لاکھ روپے دئے جائیں گے۔اس سے قبل ریٹائر ہونے والے ٹیچر کو ایک لاکھ روپے اور ہلپرس کو پچاس ہزار روپے فراہم کئے جاتے تھے۔

PONGULETI

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی کا کہنا ہے کہ اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت اب تک 2 لاکھ 10 ہزار استفادہ کنندگان کا انتخاب کیا گیا ہے۔ورنگل میں ریاستی وزیر نے کہا کہ آئندہ مہینہ کی 10 تاریخ تک باقی استفادہ

کنندگان کے ناموں کو قطعیت دے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تجرباتی پروجیکٹ کے تحت 42 ہزار مکانات کو منظوری دی گئی جن میں سے 24 ہزار پر کام شروع کیا گیا اور تقریباً 100 مکانات افتتاح کیلئے تیار ہیں۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ اپوزیشن کے ارکانِ اسمبلی کو 40 فیصد استفادہ کنندگان کے نام دینے کی تجویز دی گئی تھی تاہم بی آر ایس رکن اسمبلی کے ٹی آر نے کوئی بھی لسٹ داخل نہیں کی ہے جس کے بعد عہدیداروں کو استفادہ کنندگان کے انتخاب کی ہدایت دے دی گئی۔ سرینواس ریڈی نے مزید کہا کہ آئی ٹی ڈی اے حدود کے تحت چینچو کمیونٹی کیلئے 9200 مکانات منظور کئے گئے ہیں اور حیدرآباد کے 16 سلم علاقوں میں 4 منزلہ عمارتیں تعمیر کرنے کا منصوبہ ہے۔

SOUND BYTE

AWARDS

حکومت نے سال 2014 سے 2023ء تک ہر سال تین بہترین فلموں کیلئے غدر ایوارڈ کا اعلان کیا ہے۔ نندا موری بالا کرشنا کو این ٹی آر نیشنل فلم ایوارڈ سے نوازا گیا جبکہ معروف ڈائرکٹر منی رتنم کو پی جے راج فلم ایوارڈ کے اعزاز سے سرفراز کیا گیا۔ ڈائرکٹر سوکمار کو بی این ریڈی فلم ایوارڈ دیا گیا۔ اے پورنا چندرا راؤ کو ناگی ریڈی چکراپانی فلم ایوارڈ اور وجے دیورکنڈہ کو کانتا راؤ فلم ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ وائی وریندر ناتھ کو رگھوپتی وینکیا فلم ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا۔ تلنگانہ کے مشہور شاعر و سرکردہ دانشور کالوجی نارائنا راؤ کی حیات پر مبنی بائیو پیک پر جا کوی کالوجی کو اسپیشل جیوری ایوارڈ دیا گیا۔

JURALA

کرناٹک اور مہاراشٹرا میں دریائے کرشنا کے کیچمنٹ علاقوں میں بھاری بارش کی وجہ سے جوگولامبا گدوال ضلع کے جورالا آبی ذخیرہ میں پانی کا بہاؤ بڑھ گیا ہے جس کے بعد عہدیداروں نے آبی ذخیرہ کے 8 دروازوں کو کھول دیا ہے۔ 18 برسوں میں یہ پہلا موقع ہے کہ مئی کے مہینہ میں ہی جورالا کے دروازے کھول دئے گئے ہیں۔ اسی دورا ن محکمہ موسمیات نے پیشن گوئی کی ہے کہ جنوب مغربی مانسون کے زیر اثر ریاست بھر میں آئندہ تین دنوں تک بارش ہوسکتی ہے۔

MISS WORLD

حیدرآباد میں منعقد ہورہے عالمی حسن کے مقابلہ اب اختتامی مراحل میں پہنچ گئے ہیں۔کل شام 6 بجے ہائی ٹیک میں گرانڈ فینالے ہوگا۔3فینلسٹ میں سے ایک حسینہ کی تاج پوشی ہوگی۔

MINISTERS

ریاستی وزیر صحت داموودھرراج نرسمہا نے نارائن پیٹ ضلع کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ کسانوں کوخراب بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ کے ہمراہ وزیر صحت نے ضلع کے عوامی نمائندوں اورعہدیداروں کے ہمراہ آج ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس دوران خریف سیزن کیلئے بیجوں اورکھاد کی دستیابی سمیت دیگرمنصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔راجہ نرسمہا نے خصوصی ٹاسک فورس ٹیمیں تشکیل دینے پر زور دیا تاکہ نقلی بیجوں کی روک تھام کو یقینی بنایا جاسکے۔اس موقع پر جوپلی کرشنا راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ سی ایم آر اسکیم کے تحت دھان حاصل کرنے والے ان رائس ملرس کے خلاف کارروائی کی جائے جو حکومت کومطلوبہ چاول فراہم کرنے میں ناکام ہورہے ہیں۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر ہندوستانی افواج کی حصولیابیوں کی اہمیت کم کرنے کا الزام لگایا۔دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ملک بھرمیں فوج کی کامیابی کا جشن منایا جارہاہے جبکہ تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اسے صرف بی جے پی کا ایونٹ قرار دے رہے ہیں۔کشن ریڈی نے مزید کہا کہ پارٹی سیاست سے ہٹ کرکل جماعتی وفود دنیا بھرمیں پہنچ کرآپریشن سیندور سے عالمی رہنماؤں کوواقف کروارہے ہیں۔مرکزی وزیر نے کہا کہ ماضی میں کانگریس حکومتوں نے دہشت گرد حملوں پر صرف مذمتی بیانات دئے بلکہ مودی حکومت نے پاکستانی سرزمین پرگھس کرسرجیکل اسٹرائک کئے ہیں۔